حکومتِ پاکستان

محصولات ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، 11 دسمبر، 2025ء

## نوٹیفکیشن

**S.R.O. 2423(I)/2025**۔انکم ٹیکس قواعد، 2002 میں مزید بعض ترامیم کا درج ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈ آف ریونیو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت تفویض کردہ اختیارات کے استعمال میں لانا چاہتا ہے، اس ذریعے سے ان تمام اشخاص کی معلومات کے لیے شائع کیا جاتا ہے جو اس سے متاثر ہونے کا امکان رکھتے ہیں، اور مذکورہ دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (3) کے مطابق اس امر کا نوٹس دیا جاتا ہے کہ اگر اس پر کوئی اعتراضات یا تجاویز ہوں تو وہ بورڈ کے غور و فکر کے لیے اس نوٹیفکیشن کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات دن کے اندر ارسال کی جا سکتی ہیں۔ مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل موصول ہونے والے اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے زیر غور لائے جائیں گے، یعنی:۔

### مسودہ ترامیم

مذکورہ قواعد میں، قاعدہ 8 IB میں ذیلی قاعدہ (9) کے بدلے درج ذیل کو شامل کیا جائے گا، یعنی:۔

(9) "آزاد جموں و کشمیر سینٹرل بورڈ آف ریونیو یا گلگت بلتستان کونسل بورڈ آف ریونیو کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل کسی شخص کے معاملے میں، اس شخص کا نام آرڈیننس کی دفعہ 181 A کے تحت ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل کیا جائے گا، اگر:۔

(a) کہ اس کا عارضی یا مستقل پتہ آزاد جموں و کشمیر میں ہو یا حسبِ معاملہ گلگت بلتستان میں ہو؛ اور

(b) اُس کا عارضی اور مستقل پتہ پاکستان میں ہوں تو درج ذیل طریقہ کار اختیار کیا جائے گا:

(i) کمشنر اِن لینڈ ریونیو، جس کے دائرہ اختیار میں معاملہ اس کے قومی شناختی کارڈ (CNIC) پر درج عارضی پتے کی بنیاد پر آتا ہو، انکوائری کرنے اور اس شخص سے حلف نامہ حاصل کرنے کے بعد IRIS کے ذریعے پاکستان میں کسی بھی ملازمت یا کاروبار کے عدم وجود کی تصدیق کرے گا؛ اور

(ii) حسبِ معاملہ آزاد جموں و کشمیر سینٹرل بورڈ آف ریونیو یا گلگت بلتستان کونسل بورڈ آف ریونیو کا متعلقہ کمشنر، IRIS کے ذریعے آزاد جموں و کشمیر یا گلگت بلتستان میں ملازمت یا واحد کاروبار کے وجود کی تصدیق کرے گا:۔

(iii) بشرطیکہ اگر کمشنر اِن لینڈ ریونیو کے پاس یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ ہو کہ وہ شخص، جس کا نام شق (a) یا (b) کے تحت شامل کیا گیا ہے، آرڈیننس کی دفعہ 114 کے تحت آمدنی کا گوشوارہ جمع کرانے کا پابند ہے اور وہ شخص دفعہ 114 کی ذیلی دفعہ (4) کے تحت جاری نوٹس کی تعمیل نہیں کرتا، تو اس کا نام آرڈیننس کی دفعہ 181 A کے تحت ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج کر دیا جائے گا۔"

[F.No.1(78)R&S/2016 Pt-II]

(سیدہ میمونہ)

سیکنڈ سیکریٹری (قواعد و ایس آر اوز)